# کیلنڈر 2021

1 دسمبر بُدھ

اشعیا 6:25۔10 زبور 22 متی 29:15۔37

مُجھے ہجُوم پر ترس آتا ہے۔ متی 32:15

یسوع دُنیا کے تمام لوگوں کو دیکھتا ہے جو اذیت اُٹھاتے ہیں۔اور یہ بھی دیکھتا ہے کہ سب کو اُس کی ضرورت ہے۔اُس کے بغیر کوئی بھی مرد یا عورت، اپنی اصل حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا۔یہاں تک کہ اُن کو بھی جو اپنے آپ کو کامل بنانے کے لئے جسمانی یا ذہنی ورزش کرتے ہیں، اُس کی ضرورت ہوتی ہے۔بلکہ اُن کو اور بھی زیادہ اُس کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اسطرح وہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہوتے ہیں اور اپنے آپ کو دوسروں سے الگ تھلگ کرتے جاتے ہیں۔یسوع ہمیں وہ روٹی دیتا ہے جس کے ذریعے ہم گہری اور حقیقی شراکت کی خُوشنودی حاصل کرتے ہیں۔

2 دسمبر جمعرات

اشعیا 1:26۔6 زبور:117 متی7:24,21 ۔ 27

نہ ہر ایک جو مُجھے خُداوند خُداوند کہتا ہے آسمان کی بادشاہی میں داخل ہوگا مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے۔ متی 21:7

ہم خُود کو بھی بیوقوف بنانے کے قابل ہیں۔ہم خُود کو دھوکہ دیتے ہیں کہ ہم اچھی طرح دُعا کرتے ہیں، کیونکہ ہم اچھے الفاظ تشکیل دینے کے قابل ہیں۔خُدا سے حقیقی شراکت رکھنے کے لئے ہم اُسے پیار کریں گے، ہمیشہ کریں گے، کِسی بھی حال میں کریں گے۔خُدا کی بادشاہت گھمنڈیوں اور مغروروں کے لئے نہیں بلکہ حلیم وفروتن اور رحمدلوں کے لئے ہے۔

3 دسمبر جمعہ مقدس فرانسیس زیویئر (راہب)

اشعیا29:17۔24 زبور:25 متی9:27۔31

تُمھارے ایمان کے موافق تُمھارے لیے ہو۔ متی9:29

یہ الفاظ یسوع نے اُن دو اندھوں کو کہے جو اُس سے شِفا مانگنے آئے تھے۔اُن کا ایمان بہت ضروری ہے یہ اُن کا یسوع پر ایمان ہی ہے جو اُن کی آنکھیں کھولے گا تا کہ وہ یسوع کو دیکھ پائیں۔آمد کے اِن ایام میں مُجھے اپنے ایمان سے باخبر رہنا ہے، مُجھے اپنے اِس ایمان کو عملی طور پر ظاہر کرنا ہے جیسا کہ اُن دو اندھوں نے کِیا۔

4 دسمبر ہفتہ دمشق کا مقدس جان

اشعیا 19:30 ۔ 23,21۔26 زبور:146 متی35:19۔10، 1، 6۔8

یہ مُنادی کرنا کہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے۔ متی7:10

یسوع شاگردوں کوصرف الفاظ ادا کرنے کی ذمہ داری سونپنے پر اِکتفانہیں کرتا۔ وہ چاہتا ہے کہ وہ سب سے بڑھ کر کمزور، اور ضرورتمند لوگوں کے بارے میں باخبر رہیں۔ خُدا کی بادشاہت، درحقیقت، حدود سے ناواقف ہے۔ جو اِس زمینی بادشاہت کی کمی ہے، اُس کو آسمانی بادشاہت پورا کرتی ہے۔ زمینی بادشاہت غریبوں کا خارج کرتی یا اُن کا اِستحصال کرتی ہے جبکہ آسمانی بادشاہت میں وہ توجہ کا مرکز ہیں اور وہاں اُن کی آوَ بھگت ہوتی ہے۔

5 دسمبر آمد کا دوسرا اتوار

باروک5:1۔9 زبور:125 فیلپیوں1:4-6,8-11 لوقا3:1۔6

خُدا کا کلام بیابان میں زِکریا کے بیٹے یُوحنا کو پُہنچا۔ لوقا3:2

آمد کا دوسرا اتوار؛ یہ رہا یوحنا اِصطباغی! زمین کے بڑے اُس کی عجیب شخصیت کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ لیکن وہ سچائی کا پیامبر ہے۔ اُس کی وجہ سے تو پیغمبر بھی بے چین ہو گئے کیونکہ اُس کی آواز ایک پُکار ہے جسے جگانا ہے اور پھر جگانا ہے اور اُن سب کو جو حتمی نجات کی آس لگائے بیٹھے ہیں اُمید دِلانا ہے۔ طباریُس، پنطُس پلاطوس، ہیرودیس، فیلبوس، لِزانیہ، حنّا اور کیفا، ایسی بادشاہتوں کے لئے کھڑے ہیں جن سے ہر آدمی کو نجات کی اُمید ہے۔ لیکن آسمان کی بادشاہت، اُس کے ذریعے آئے گی جس کی بشارت یوحنا دیتا ہے۔ وہ دِلوں کو تبدیلی اور ریاضت سے تیار کرتا ہے۔

6 دسمبر سوموار مقدس نیکولاس (راہب350)

اشعیا35:1۔10 زبور:81 لوقا5:17۔26

خوفزدہ دِلوں سے کہو۔ زورآور بنو اور مت ڈرو۔ دیکھ۔ تُمہارا خُدا اِنتقام ہو کر آتا ہے۔ وہ آئے گا اور تُمہیں نجات دے گا۔ اشعیا 35:4

ہم یسوع کی آمد کا انتظار کر رہے ہیں۔ پیامبر اِس انتظار میں ہماری حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اور یسوع آج بھی ہمیں دِکھاتا ہے کہ وہ ہمیں بچانے کے لئے کیسے تیار ہے۔ وہ مفلوج آدمی کی روحانی ضرورت کو دیکھتا ہے، جو کہ دوہرے فالج میں مُبتلا ہے، اندرونی اور بیرونی، ایک جِسم کا اور دوسرا روح کا۔ یسوع سب سے پہلے اُسے روحانی فالج سے شفا بخشتا ہے۔ تاکہ وہ آدمی جسمانی شفا حاصل کر کے ایمان میں مظبوط ہو کر حقیقی خُوشی اور مسرت سے زندہ یسوع کی گواہی دے سکے۔

7 دسمبر منگل مقدس امبروز، اُسقف اور معلم 397

اشعیا40:1-11 زبور:95 متی 18:12-14

بیابان میں خُداوند کی راہ کو تیار کرو۔ اشعیا40:3

بیابان وہ جگہ ہے جہاں زندگی کا کوئی وجود نہیں ہے، جہاں ہم صرف خطرہ، پیاس، بھوک اور تنہائی دیکھتے ہیں۔ بیابان وہ دُنیا ہے جہاں ہم جی رہے ہیں؛ وہ دُنیا جو خُوشی، پاکیزگی اور شُکرگزاری سے محروم ہے۔ یہاں، ہاں بالکل یہاں ہم، اُس کے لئے جو آنے والا ہے، سیدھا اور ہموار راستہ تیار کریں۔ پھر اُسے آنے سے ہماری کسمپرسی بھی نہیں روک پائے گی۔

8 دسمبر بُدھ مقدسہ مریم کا بیداغ حمل میں لیا جانا

تکوین3 :9-15، 20 زبور:97 افسیوں 1:3-6، 11-12 لوقا1:26-38

سلام (خُوش ہو) اِے پُرفضل۔ خُداوند تیرے ساتھ ہے۔ لوقا1: 28

فرشتہ مقدسہ مریم کو ایکدم خُوش ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اُسے تبدیل ہونے کو نہیں کہتا، جیسے اُسے مُجھے کہنا چاہیے۔ مقدسہ مریم گُناہ سے مُبرّا ہے، اِس لئے وہ ایکدم خُوش ہوسکتی ہے۔ دراصل حقیقی خُوشی کا چشمہ، یسوع، اُس کے ساتھ اور اُس کے اندر ہے۔ وہ بالکل پاکیزہ اور مقدس ہے، آدم کی سرکشی سے آزاد۔ ہم اُس کے لئے خُوشی منائیں کیونکہ وہ ہمارے لئے ہے۔

9 دسمبر جمعرات مقدس جان دیاگو

اشعیا41:13-20 زبور:144 متی11:11-15

یوحنا اصطباغی کے دِنوں سے اِس وقت تک آسمان کی بادشاہی پر زور دیا جا رہا ہے۔ متی11:12

وہ لوگ جو طاقتور، امیر اور مغرور ہیں وہ خُدا کی بادشاہت کو پسند نہیں کرتے بلکہ وہ تو اِس کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ میرا غرور، دولت کے لئے میری خواہش اور میری برتری بھی تشدد کے ساتھ اِس کی راہ میں حائل ہوتے ہیں۔ یوحنا اصطباغی کی بہت مُخالفت ہوئی اور خُدا کی بادشاہت کے لئے اُس کی منادی کو موت سے روک دِیا گیا اور یسوع جو اِس بادشاہت کا بادشاہ ہے، سے بھی لڑائی کی گئی۔ جب میں بادشاہی کے مطابق چلوں گا اور اُس کے لئے عہد کروں گا تو تشدد میرے خلاف بھی مسلح ہوگا لیکن یسوع میرا بادشاہ میرے ساتھ ہوگا۔

10 دسمبر جمعہ

اشعیا48:17-19 زبور:1 متی11:16-19

مگر حِکمت اپنے کاموں سے راست ٹھہرتی ہے۔ متی 11 : 19

یسوع اپنے بارے میں بات کررہا ہے۔ وہ ہمیں باپ کی حِکمت پیش کرتا ہے۔ وہ لوگ جو ستائے ہوؤں کے لئے اُس کی مُحبت اور معجزے

دیکھتے ہیں، پہچانتے ہیں کہ وہ راستباز ہے، یعنی یہ کہ وہ باپ کی طرف سے آتا ہے۔ جو اُسے نہیں پہچان پاتا، وہ یا تو جہالت میں ہے یا اُس کا ایمان کمزور ہے۔ ہم یسوع کی بات سُنیں گے اسلئے کہ وہ بے فائدہ بات نہیں کرتا۔

11 دسمبر ہفتہ مقدس داماس، پوپ

یشوع بن سراخ 48:1-4،9-11 زبور: 79 متی 17:10-13

وہ تو آچکا۔ لیکن اُنہوں نے اُسے نہیں پہچانا۔ متی 17:12

شاگرد اُس پہاڑ سے نیچے اُتر رہے ہیں جہاں اُنہوں نے موسیٰ اور اِلیاس کو یسوع کے ساتھ دیکھا تھا۔ اب آخر کار شاگرد اُس سے سوال پوچھتے ہیں۔ اور یسوع اُن کو جواب دیتا ہے کہ اِلیاس؟ وہ تو آچُکا ہے۔ وہ جو اِلیاس کا سا ایمان لے کر جیتا ہے، جو اِس ایمان کو جان کا خطرہ مُول لے کر بھی دوسروں کو تجویز کرنے سے نہیں ڈرتا، جو بیابان میں پناہ لیتا ہے تاکہ اُس سے مُلاقات کر سکے جو خاموشی میں کلام کرتا ہے، وہ آچُکا ہے۔ اب وہ سمجھے کہ یوحنا اِصطباغی کون ہے۔ اور اب یہ بھی سمجھ سکتے ہیں کہ وہ کون ہے، یعنی یسوع۔

12 دسمبر آمد کا تیسرا اِتوار

صفن یاہ 3:14-17 زبور: (اشعیا 12:2-6) فلپیوں 4:4-7 لوقا 3:10-18

اِے استاد ہم کِیا کریں۔ لوقا 3:12

یہ یوحنّا اِصطباغی ہے جو ہمیں بھی اُس کی آمد کے لئے تیار کرتا ہے جو دُنیا بدل دے گا۔ ہجوم، مُحصل اور سپاہی بھی اُس سے سوال کرتے ہیں؛ لیکن اُس کا انتظار کیسے کِیا جائے؟ اُس کے لئے تیار ہونے کے لئے کیا کِیا جائے؟ عملی مُحبت کو فروغ دِیا جائے، وہ مُحبت جِس کی قیمت ادا کرنا پڑتی ہے، غریبی کو چُننا پڑتا ہے، اپنے لالچ اور تشدد جیسی جبلّتوں پر قابو پانا ہوتا ہے۔ اگر میں اِس طرح اُس کا انتظار نہیں کرتا، تو اُسے قبول بھی نہیں کر پاؤں گا۔

13 دسمبر سوموار مقدسہ لُوسیا، کنواری اور شہید

عدد 24:2-7،15-17 زبور: 24 متی 21:23-27

یوحنا کا بپتسمہ کہاں سے تھا؟ آسمان کی طرف سے یا انسان کی طرف سے۔ متی 21،25

اے یسوع، وہ تُجھے آزمانا چاہتے ہیں کیونکہ وہ تُجھ پر ایمان نہیں لاتے اور تُجھے نہیں چاہتے۔ تُو جو اِختیار جتاتا ہے؛ یہ اِختیار تُجھے کِس نے دِیا؟ وہ تیرے اعمال کی حقیقت کو نہیں سمجھ پا رہے، وہ باپ سے تیری مُحبت کو اور آدمیوں کے لئے تیرے اُس رحم کو جو تُجھے مُتحرک کرتے ہیں نہیں سمجھ پا رہے۔ وہ نہیں سمجھ رہے کہ تُو جو کُچھ بھی کرتا ہے وہ اِلٰہی ہے۔ وہ اُس سب سے انکاری ہیں جو ظاہر ہے، جیسے کہ یوحنا کا مِشن۔

14 دسمبر          منگل          صلیب کا خادم مقدس یوحنا راہب اور معلم

صفن یاہ 3:1-2،9-13          زبور 33          متی 21:28-32

**ایک آدمی کے دو بیٹے تھے۔۔۔ بیٹا جا! آج تاکستان میں کام کر۔     متی 21،28**

اے یسوع، آمد کے ایام کو بہتر طور سے گزارنے کے لئے ہمیں اِس تمثیل کی بھی ضرورت ہے۔ دونوں بیٹے ایک ہی باپ کو جواب دیتے ہیں۔ لیکن دونوں کا جواب فرق ہے اور دونوں کا ردِّعمل بھی فرق ہے۔ الفاظ دھوکہ دیتے ہیں۔ جو ہاں میں جواب دیتا ہے وہ بعد میں حاضر نہیں ہوتا۔ جو نہیں میں جواب دیتا ہے، وہ تکلیف دیتا ہے، لیکن بعد میں وہی ہے جس پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے دوسرا بہتر ہے، بہت بہتر۔ اِسی طرح گنہگار تائب ہو جاتے ہیں مگر راستباز نہیں۔

15 دسمبر          بُدھ

اشعیا 45: 6-8،18،21-25          زبور 84          لوقا 7:19-23

**میں ہی خُداوند ہوں۔۔۔۔ جس کے سِوا کوئی اور خُدا نہیں ہے۔     اشعیا 45:21**

ہم انسان اِس قابل بھی ہیں کہ اپنے لئے ایسے خُدا ایجاد کر لیں جن کی ہم نے اطاعت کرنی ہے، لیکن بعد میں وہ بُت ظاہر ہوتے ہیں جو ہمارے اندر بُری عادتوں اور بدترین جبلتوں کو جنم دیتے ہیں۔ خُداوند خدا واحد خُدا ہے، وہ جس نے قوموں سے مُحبت کی، جس نے ہمیں زندگی دی اور اُسے جینے کے لئے ہدایات بھی۔ صرف وہی ہمیں پیار کرتا ہے اور اپنے بیٹے کو بھیج کر اپنا پیار ہمیں دکھاتا ہے: اُس کے سامنے اندھے دیکھتے ہیں، بہرے سُنتے ہیں، لنگڑے چلتے ہیں، مُردے زندہ ہوتے ہیں۔ کیا تُمہیں اندازہ نہیں ہو کہ وہ کون ہے!؟

16 دسمبر          جمعرات

اشعیا 54:1-10          زبور 29          لوقا 7:24-30

**یہ وہی ہے، جس کی بابت لکھا ہے کہ دیکھ میں اپنا پیامبر تیرے آگے بھیجتا ہوں۔     لوقا 7:27**

اے یسوع، تُو یوحنا اِصطباغی کے بارے میں بات کر رہا ہے۔ تُو اُس کے بارے میں بہت خُوشی سے اور بہت اچھی بات کرتا ہے کیونکہ اُس کی موجودگی اور اُس کا مشن بہت اہم ہے۔ تُجھے لوگوں سے اُس نے متعارف کروایا اور تیری گواہی دی۔ تُو نے خُود اپنے آپ کو متعارف متعارف نہیں کروایا، جیسے وہ لوگ کرتے ہیں جو ہمیں گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔ تُو نے خُود اپنے بارے میں بات کرنے کی ہمت اِس لئے کی کیونکہ تُو اُس کی گواہی اور اُس کے کاموں پر انحصار کر سکتا تھا۔ وقتی طور پر جو اُس کا یقین نہیں کرتا، تُجھ پر بھی ایمان نہیں لاتا۔

17 دسمبر          جمعہ          کرسمس کے نوینہ کا آغاز

تکوین 10-8,2:49 زبور 71 متی 17-1:1

اور یعقوب سے یوسف پیدا ہُوا، جو اُس مریم کا شوہر تھا جس سے یسوع پیدا ہُوا۔ متی 16:1

آج ہم یسوع کی پیدائش کی تیاری کے آخری مقدس ایام کا آغاز کرتے ہیں۔ ہم اُس کا طویل نسب نامہ پڑھتے ہیں جو ہمیں ابراہام سے شروع کر کے نجات کی تاریخ کی تجدید کرواتا ہے۔ یسوع کے آباؤاجداد میں ہم بہت سے گنہگار مرد وخواتین، غیر مُلکی اور یہاں تک کہ طوائف سے بھی مِلتے ہیں۔ یسوع اُن میں سے کِسی کے لئے شرم محسوس نہیں کرتا۔ اِسی طرح ہم بھی اپنے شجرہ نسب کے لئے فکر مند نہ ہوں۔ ہم اپنے تمام آباؤاجداد کو خُداوند کے رحم اور یسوع کی پاک برکت کے سپرد کریں۔

18 دسمبر ہفتہ

اِرمیا 8-5:23 زبور 71 متی 24-18:1

اور اُس سے بیٹا ہوگا۔ اور تو اُس کا نام یسوع رکھنا۔ متی 21:1

مقدس یوسف یہ الفاظ نیند میں سُن رہا ہے لیکن وہ اُس کے ذہن نشین رہیں گے اور سب سے بڑھ کر وہ اُس کے لئے تسلّی اور تقویت کا باعث ہوں گے۔ مریم ایک بچہ جنے گی، اور یوسف اُسے اپنا تسلیم کرے گا اور وہی اُسے نام دے گا۔ میں بھی اُسے اِسی نام سے پُکاروں گا، وہ نام جو تقاضا کرتا ہے کہ اُسے ہمیشہ مُحبت اور عقیدت سے پُکارا جائے جیسے خُدا کا نام۔

19 دسمبر اتوار

میکا 5-2:5 زبور 79 عبرانیوں 10-5:10 لوقا 45-39:1

تُو عورتوں میں مُبارک ہے اور تیرے پیٹ کا پھل مُبارک ہے۔ لوقا 42:1

الیضبات مریم کو اپنے گھر میں خُوشی کی اِس پُکار کے ساتھ قبول کرتی ہے۔ ہم اِس پُکار کا اعادہ کرتے ہیں۔ جب ہم فرشتے کا سلام پڑھتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ مقدسہ مریم خُدا سے اور آدمیوں سے بھی مبارک کہلاتی ہے، کیونکہ اُس نے اپنے آپ کو اپنے لئے نہیں بلکہ خُدا باپ سے اور اُس کے بیٹوں اور بیٹیوں سے پیار کرنے کے لئے پیش کیا۔ مُبارک، صرف الفاظ سے نہیں بلکہ خُدا سے اپنی مُحبت کے پھل یعنی یسوع کو ہمیں پیش کرتے ہوئے، جِس کو اُس نے اپنے اندر قبول کِیا۔

20 دسمبر سوموار

اشعیا 14-10:7 زبور 23 لوقا 38-26:1

اے مریم نہ ڈر کیونکہ تُو نے خُدا کے نزدیک فضل پایا ہے۔ لوقا 30:1

ابھی فرشتہ ہی ہے جو بات کر رہا ہے۔ وہ مقدسہ مریم کے دِل سے اُٹھنے والے خاموش سوال کا جواب دیتا ہے۔ وہ خُدا کی نظر میں ہے اِس لئے اُسے ڈرنا نہیں چاہیئے۔ خُدا باپ ہے، وہ صرف مُحبت ہے۔ جو اُس کی بات سُنتا ہے وہ کبھی خوف نہ کھائے گا۔ وہ ہمیشہ خُدا کی نظر میں عظیم اور انمول ہے۔

**21 دسمبر منگل مقدس پطرس کنیسیوس، راہب اور معلم**

**نشیدالاناشید 2: 8-14 یا صفن یاہ 3:14-17 زبور 32 لوقا 1:39-45**

**اور میرے لیے یہ بات کیسے ہوئی کہ میرے خُداند کی ماں میرے پاس آئی۔ لوقا 1:43**

الیضبات ہمیں یسوع کی پیدائش کے لئے تیاری میں مدد دیتی ہے۔ یسوع مقدسہ مریم کی مہربانی سے دُنیا میں آیا۔ اس لئے ہم مقدسہ مریم کو پیار کرنا شروع کریں تا کہ لائق طور پر اُس بچے کو جو اُس سے پیدا ہوگا پیار کرسکیں۔ جو یسوع سے پیار کرتا ہے وہ اُس کی موجودگی سے بھی شادمان ہوتا ہے جو اُسے اپنے اندر لئے ہوئے ہے: مریم، جو کہ حقیقی معنوں میں عہد کا صندوق ہے۔ دراصل داوٗد نبی بھی کُچھ ایسے ہی الفاظ میں عہد کے صندوق کے اپنے شہر میں آمد پر شادمانی کا اِظہار کرتا ہے۔ عہد کے اُس صندوق میں لوگوں کے لئے خُدا کی مُحبت کی ٹھوس علامات تھیں۔

**22 دسمبر بُدھ**

**1 سیموئیل 1:24-28 زبور (1 سیموئیل 2:1،4- 8) لوقا 1:46-55**

**میری جان خُداند کی بڑائی کرتی ہے۔ لوقا 1:46**

ہم نے ہر روز شام کی دُعا میں مقدسہ مریم کے اِن الفاظ کو گانا سیکھ لیا ہے۔ اور ہر روز نئے سرے سے ہم صرف اِن کا اعادہ نہیں کرنا چاہتے بلکہ اِن کو مقدسہ مریم کے ساتھ اپنی زندگی کے ذریعے گانا چاہتے ہیں۔ خُداوند عظیم ہے، وہ سب چیزوں سے اور سب آدمیوں سے اعلیٰ ہے۔ میں اپنے اعمال سے ظاہر کروں گا کہ میں اُسے اپنی تمام خواہشوں اور اُن تمام اشخاص سے، جنہیں میں پیار کرتا ہوں، بالاتر رکھتا ہوں ۔لیکن میں ہمیشہ ایسا نہ کر پایا، لہٰذا میں حلیمی اور سچائی سے، اعتراف میں اپنے گُناہوں کا اقرار کر کے خُدا کے بیٹے کو قبول کرنے کے لئے اپنے آپ کو تیار کروں گا۔

**22 دسمبر جمعرات**

**ملاکی 3:1-4،23-24 زبور:24 لوقا 1:57-66**

**یوحنا اُس کا نام ہے۔ لوقا 1:63**

یسوع کی آمد کی گواہی یوحنا کی آمد کے ذریعے دی گئی ہے، یعنی اُس بچے کے ذریعے سے جوزکریا اور الیضبات کے ہاں بڑھاپے میں پیدا ہوا۔ یہ بچہ اپنے نام ہی سے، سب کو اِنجیل کی خُوشخبری سُنا تا ہے کہ خُدا مہربان ہے، خُدا ہماری خُوشی چاہتا ہے۔ یوحنا کا نام خُدا کے تحفے، یعنی یسوع کی، خُوشخبری دیتا ہے۔ ذرا سوچیں تو، وہ اِتنا مہربان ہے کہ ہم اُس سے معافی پوچھ سکتے ہیں۔

24 دسمبر جمعہ

سیموئیل 7:1- 5 ,8-12,16 زبور 88 لوقا 1:67-79

اور تُو اے بچے حق تعالیٰ کا نبی کہلائے گا۔ لوقا 1:76

اب یہ اُسی بچے (یوحنا) کا باپ ہے جو خُدا کی شکرگزاری کرتا اور اُس کی پیدائش کے لئے خُداوند کو مبارک کہتا ہے۔ یہ ایک عظیم بچہ ہے کیونکہ اُسے خُدا کے سب سے خُوبصورت منصوبے کو دُنیا سے متعارف کرانے کے لئے مخصوص کیا گیا ہے۔ وہ اپنے الفاظ میں سب کو اعلان کرے گا کہ دُلہا، خُدا کا برّہ، وہ جو تمام آدمیوں کے گُناہ اپنے اوپر اُٹھائے گا، وہ آ گیا ہے۔ اُسے لائق طور سے قبول کرنے کے لئے، ہم خُدا سے مانگیں گے کہ وہ ہمارے دِلوں کو پاک کرے۔

25 دسمبر ہفتہ عیدِ ولادت المسیح

آدھی رات کی عبادت اشعیا 9:1-6 زبور 95 طیطس 2:11-14 لوقا 2:1-14

دِن کی عبادت اشعیا 52:7-10 زبور 97 عبرانیوں 1:1-6 یوحنا 1:1-18

نور تاریکی میں چمکتا ہے اور تاریکی نے اُسے قبول نہ کیا۔ یوحنا 1:5

وہ بھید جو آج ہمیں خُوشی بخشتا ہے وہ درحقیقت روشن ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے قدم کِس سمت اُٹھنے چاہیئں: پیار، معافی، حلیمی، چھوٹوں کی توجہ، غریبوں اور دُکھیوں کی طرف۔ دُنیا کی تاریکیوں میں اصلی اُجالا بچہ یسوع ہی ہے۔

26 دسمبر اتوار پاک خاندان کی عید

1- سیموئیل 1:20-22,24-28 زبور 83 1- یوحنا 3:1-2,21-24 لوقا 2:41-52

کیا تُمہیں یہ خیال نہ تھا کہ وہ ضرور اپنے باپ کے گھر میں ہوگا۔ لوقا 2: 49

آج مقدس اسٹیفن کی عید تھی مگر وہ پاک خاندان کو آگے کرتا ہے اور خُود پیچھے رہ جاتا ہے اور وہ یہ خُوشی سے کرتا ہے۔ اُس کی ساری مُحبت یسوع کے لئے تھی؛ یسوع جو، مریم کی مُحبت اور یوسف کی خدمت گزار نگہداشت سے گِھرا ہوا، دُنیا میں آیا ہے۔ دو غریب، جو ہمیں مسیحی زندگی کی پہلی روشن مثال پیش کرتے ہیں۔ وہ یسوع کے ساتھ ایک خاندان ہیں۔ ہر خاندان اُن سے سیکھتا ہے کہ کیسے انہیں آنے والے

بچوں کے لئے بہتریں جگہ اور برکت بنتا ہے۔ ہر خاندان تب ہی مکمل اور تیار ہے جب یسوع اُن کے ساتھ جیتا ہے۔

27 دسمبر سوموار مقدس یوحنا رسول، انجیل نویس

1-یوحنا 1: 1-4 زبور 96 یوحنا 20: 2-8

وہ خُداوند کو قبر سے نکال لے گے ہیں۔ یوحنا 2:20

مقدس یوحنا رسول ہمیں مریم مگدلینی کی یسوع کے لئے مُحبت کے بارے میں بتا تا ہے اور یہ بھی بیان کرتا ہے کہ کیسے یسوع جی اُٹھنے کے بعد مریم مگدلینی پر ظاہر ہُوا۔ یوحنا خُود اپنی طویل زندگی کے آخر تک خُدا کی مُحبت کا گواہ رہا ہے، اُس مُحبت کا جِس نے کلیسیا کو چاہا اور تشکیل دِیا۔ یہ صرف کلیسیا میں ممکن ہے کہ رسول اور تمام مقدسین ہمیشہ ہمیں تقدیس اور خُوشی دِکھاتے ہیں اور ہمارے لئے خُداوند یسوع مسیح کی قُربت کی خُوشی حاصل کرتے ہیں۔

28 دسمبر منگل معصوم شہداء

1-یوحنا 1:5-2:2 زبور 123 متی 2:13-18

میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بُلایا۔ متی 15:2

متی اِنجیل نویس اکثر انبیاء کا حوالہ دیتا ہے، اس طرح ہم جانتے ہیں کہ تمام تر تاریخ یسوع کے پیشِ نظر ہی انجام پاتی ہے۔ بنی اسرائیل کو خُدا کے بیٹے کی طرح، ایک پیشنگوئی کے تحت، مِصر سے واپس بلایا گیا۔ دراصل یہ یسوع ہے جِسے، ہیرودیس کے غُصہ سے اپنا دفاع کرنے کے لئے، اُس جگہ سے لوٹنا تھا جو اُسے عارضی پناہ گاہ کے طور پر پیش کی گئی تھی۔ اُسے اپنے لوگوں کے درمیان رہنا ہوگا اگرچہ وہی اُسے ردّ کریں گے اور اُسے سزائے موت بھی دیں گے۔

29 دسمبر بُدھ

1- یوحنا 2:3-11 زبور 95 لوقا 2:22-35

جو کوئی اپنے بھائی کو پیار کرتا ہے وہ نور میں رہتا ہے۔ 1-یوحنا 10:2

یہ ہر روز کا ایک تجربہ ہے۔ جو مُحبت کرتا ہے اُسے خُود کو چُھپانا نہیں چاہیئے۔ جو مُحبت کرتا ہے وہ باپ کے چہرے کا انکشاف کرتا ہے۔ جو مُحبت کرتا ہے وہ خُود کو بُرائی سے بچاتا ہے۔ جو مُحبت کرتا ہے اُسے خُود کو ملامت نہیں کرنا چاہیے۔ جو مُحبت کرتا ہے وہ سب کو زندگی کا سب سے خُوبصورت پہلو پیش کرتا ہے۔ جو مُحبت کرتا ہے وہ روشنی سے مُلبّس ہے۔

30 دسمبر جمعرات

1-یوحنا 2:12-17 زبور 95 لوقا 2:36-40

اور اُس (حنّا) نے بچے کی بابت اُن سب سے باتیں کیں جو یروشلیم کی رہائی کے مُنتظر تھے۔ لوقا 2:38

کیا آپ جانتے ہیں کہ حنّا چوراسی برس کی تھی۔ یہ عمر کا ایک خُوبصورت حصہ ہے: وہ بارہ دفعہ سات سال جی چکی ہے۔ یہ اعداد و شمار کاملیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ انسان کی زندگی تب مکمل ہوتی ہے جب وہ یسوع سے مِلتا ہے۔ حنّا چوراسی سال کی عُمر میں اپنی زندگی کا سب سے اچھا عمل کرتی ہے: یسوع کے بارے میں اعلانیہ بول سکتی ہے۔ وہ جو زبور میں کہا گیا ہے بالکل سچ ہے کہ ''بڑھاپے میں بھی پھل دیں گے''۔

31 دسمبر جمعہ

1- یوحنا 2:18-21 زبور 95 یوحنا 1:1-18

اسی سے سب کُچھ پیدا ہوا۔ یوحنا 1:3

ہم سال کا اِختتام اِس اِعلان کے ساتھ کرتے ہیں۔ لہٰذا، سب کُچھ، میری زندگی اور میری تاریخ بھی، یسوع کے ہاتھوں سے گُزرا ہوا ایک تحفہ ہے۔ اور سب اُسی کے وسیلہ سے ہے کیونکہ وہ ہر زندگی کی کاملیت ہے۔ وہ ابدی زندگی ہے، یعنی ہر ایک کے لئے بھرپور زندگی۔ اُس کے ساتھ یہ زندگی ہر روز ابدیت سے بھرپور ہوتی جائے گی۔